سوال

بسم اللہ الرحمن الرحیم السلام علیکم اگر کوئی لڑکی یا لڑکا کسی عورت کا دودھ پیتا ہے اور وہ عورت دیگر کئی بچوں کی ماں ہو تو کیا دودھ پینے والا بچہ یا بچی ان اس عورت کی تمام اولاد کے لیے محرم ہے ؟ یعنی اگر دودھ پینے والا لڑکا ہے تو کیا اس عورت کی تمام بیٹیاں اس بچے کے لیے رضائی بہنیں ہیں یا اگر دودھ پینے والی بچی ہے تو کیا اس عورت کے تمام بیٹے اس بچی کے لیے رضائی بھائی ہیں ؟ جزاکم اللہ خیرا

جواب

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

جی ہاں جب کوئی لڑکی کسی عورت کا کم ازکم پانچ مرتبہ دودھ پی لیتی ہے تو اس سے رضاعت ثابت ہو جاتی ہے اور وہ لڑکی اس عورت کی تمام اولاد کی رضاعی بہن متصور ہو گی اور اسی طرح کا معاملہ اس لڑکے کا بھی ہے جو کسی عورت کا دودھ پی لیتا ہے تو وہ اس عورت کی جمیع اولاد کا رضاعی بھائی بن جاتا ہے ۔ جزاکم اللہ